مقالہ ہذا تین ابواب پر مشتمل ہو گا، اور پھر اس میں ذیلی فصول ہوں گی۔

باب اول میں امام رازیؒ کے احوال و آثار سے متعلق بحث ہو گی۔ اس میں تین فصول قائم کی گئیں ہیں، ان فصول میں امام رازیؒ کے حالات زندگی اور ان کی تصنیفی خدمات اور تفسیر مفاتیح الغیب کا اجمالی تعارف پیش کیا جائے گا۔

باب دوم میں تاریخ قرآن کے مباحث میں امام رازیؒ کے استدلالات کا جائزہ لیا جائے گا۔ اس مین بھی تین فصول قائم کی گئیں ہیں، جس میں نزول قرآن کے ابحاث روایات اسباب نزول سے استدلال کا منہج اور ناسخ و منسوخ کے ابحاث کو زیرِ بحث لایا جائے گا۔

باب سوم میں الفاظ و معانی قرآن کے مباحث میں امام رازیؒ کے استدلالات کو زیرِ بحث لایا جائے گا۔ اس میں بھی چار فصول قائم کی گئیں ہیں، جس میں قراءت قرآنیہ سے استدلال، قرآن مجید کے غریب الفاظ کی توضیح و تشریح اور محکمات و متشابہات کو زیرِ بحث لایا جائے گا اور چوتھی فصل میں قرآن مجید کے قسمیہ کلمات کی تفسیر میں امام صاحب کی آراء کو زیرِ بحث لایا جائے گا۔

مقالہ کے آخر میں خلاصہ بحث، تجاویز و آراء اور مصادر و مراجع کا نیز ہر صفحہ پر حواشی و تعلیقات وغیرہ کا مروجہ طریقہ تحقیق کے مطابق اہتمام کیا جائے گا۔